© rasailojaraid.com



## عشرہ مبشرہ

تالیف: بشیر ساجد ۔ ناشر: البدر پبلیکیشنز ۔ راحت مارکیٹ، اُردو بازار، لاہور ۔ صفحات: ۹۶۸ خوبصورت جلد ۔ عمدہ سفید کاغذ ۔ طباعت و کتابت گوارا (کمپیوٹر) ۔ قیمت: ۱۶۰/- روپے مناسب ۔

یہ کتاب محترم بشیر ساجد صاحب نے بڑی محنت اور عرق ریزی سے مرتب کی ہے ۔ عشرہ مبشرہ رضوان اللہ علیہم اجمعین کے رُوح پرور حالات و واقعات پر مشتمل ہے ۔

عشرہ مبشرہ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین میں سے وہ مبارک ہستیاں ہیں، جنہیں ان کی زندگی میں ہی جنت کی بشارت دے دی گئی ۔ اور یہ ایک ایسی سعادت ہے جو پوری دُنیا کے انسانوں میں صرف ان ہی خوش بختوں کے حصے میں آئی ۔

یہ وہ شخصیات ہیں جو ایک ایسے اسلامی انقلاب کی داعی بن کر اُٹھیں جنہوں نے انسانی تہذیب و تمدن کو نیا معیار عطا کیا اور یہ وہ عظیم الشان انسان تھے جن کی مثال ڈھونڈے سے نہیں مل سکتی ۔

عشرہ مبشرہ ایک ایسی کتاب ہے جس سے ہم علمی اور فکری رہنمائی حاصل کر سکتے ہیں ۔ مؤلف نے طویل مگر احساسات سے معمور "حرف اوّل" میں اسلام کے "خیر القرون" کے حالات و شخصیات سے عمومی بے خبری پر شدید تاسف کا اظہار کیا ہے ۔ وہ بڑے دُکھ سے لکھتے ہیں کہ ہم اپنے شاندار ماضی اور اسلامی تاریخ سے منہ موڑ کر اپنی تاریخ، تہذیب، اور ثقافت ہڑپہ اور موہنجوڈارو کے کھنڈرات میں تلاش کر رہے ہیں اور نئی نسل کو کعبہ کی بجائے ترکستان کی راہ پر چلانے کی کوشش کی جا رہی ہے ۔

عشرہ مبشرہ اسلام کے عظیم المرتبت دس صحابہ کرام کے حالات و واقعاتِ زندگی پر ایک مبسوط کتاب ہے ۔ اس کے باوجود کتاب میں کمپوٹر کی غلطیاں جابجا کھٹکتی ہیں اکثر مقامات پر قرآنی آیات تک میں کتابت اور اعراب کی فاحش اغلاط ہیں ۔ اسی طرح احادیثِ مبارکہ میں بھی صحت کا خیال نہیں رکھا گیا ۔ علاوہ ازیں کتاب کے آخر میں حوالہ جات کی فہرست (کتابیات) کے اندراج کی زحمت بھی گوارا نہیں کی گئی، حالانکہ اس پایہ کی کتاب کے لیے یہ ایک ضروری امر تھا ۔ (سید شبیر احمد)

© rasailojaraid.com